MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اُردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل حب

چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد 14 | 27 جنوری، بروز پیر 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 348

حکومت زرعی ترقی کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، رانا تنویر

وزیراعظم کسانوں کے لیے انقلابی اقدامات کے خواہاں ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں

کسانوں کو حکومتی مقررہ نرخوں پر کھاد کی فراہمی ہمارا ہدف ہے، اب کسانوں کو بروقت اور معیاری کھاد مل رہی ہے، کسان اور کاشتکار مضبوط ہوگا تو زراعت مضبوط ہوگی

مرید کے (آئی این پی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ کسانوں کو حکومتی مقررہ نرخوں پر کھاد کی فراہمی ہمارا ہدف ہے، حکومت زرعی ترقی کے لیے انقلابی اقدامات کررہی ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسان کی ضرورت کے مطابق ماضی میں کھاد کی فراہمی میں کمی تھی، کسانوں کو ماضی میں غیر معیاری کھاد مل رہی تھی، ہماری حکومت کسانوں کے لیے آسانیاں پیدا

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

شاہ بران کا کڑ نہایت ہی مخلص اور انسانیت دوست شخصیت کے مالک ہیں، سید افضل شاہ

سارے ژوب کے عوام کو شاہ بران کا کڑ جیسے دلیر اور انسانیت دوست چیئرمین پر فخر ہے، نوجوانان ایکشن کمیٹی

ژوب (یو این اے) نوجوانان ایکشن کمیٹی

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور سابق گورنر نواب ذوالفقار علی مگسی کے اعزاز میں گھوکی میں خصوصی عشائیہ

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے اعزاز میں صوبے سندھ کے علاقے گھوکی میں اپنی رہائش گاہ پر گذشتہ رات عشائیہ کا اہتمام کیا گیا، تقریب کا اہتمام سابق وزیراعلیٰ سندھ علی محمد مہر اور اعجاز جاکھو نے کیا تھا۔ واضح رہے

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن کے تمام قوانین پر مکمل طور پر پاسداری کو یقینی بنایا، ڈی سی نصیر آباد

پرامن ماحول میں الیکشن کا عمل مکمل کروانا ہماری ذمہ داریوں کا حصہ ہے، جس پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا

نصیر آباد (آن لائن) ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر و ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے میونسپل کمیٹی کے وارڈ نمبر 25 میں ضمنی انتخابی عمل کا جائزہ لیا اس موقع پر ریٹرننگ آفیسر و اسسٹنٹ کمشنر چھتر خادم حسین کھوسہ نے انہیں پولنگ اسٹیشنز پر سیکورٹی انتظامات و ووٹ کاسٹنگ کے عمل سے متعلق انہیں تفصیل سے آگاہی فراہم کی اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی مجیب الرحمن سائکزئی ڈی ایس پیز سید مختیار شاہ غلام حیدر منجھو

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سے پشتون قومی جرگہ میں انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ مصافحہ کررہے ہیں

اگر کوئی سمجھتا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت گرائے گی تو ایسا بالکل نہیں ہوگا، رانا ثنا اللہ

آصف زرداری پیپلز پارٹی اور بلاول بھٹو کو ایک لائن کراس نہیں کرنے دیں گے، آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، ان کو پتا ہے اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا

شہباز شریف ہی واحد وزیراعظم ہیں جو ملک کو مشکل سے نکال سکتے ہیں، ٹی آئی اگر مولانا فضل الرحمان کو ساتھ رکھتی، تو پھر 24 نومبر کا واقعہ نہ ہوتا، 24 نومبر والا معاملہ خودکش حملہ تھا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت گرائے گی تو ایسا بالکل نہیں ہوگا، آصف زرداری پیپلز پارٹی اور بلاول بھٹو کو ایک لائن کراس نہیں کرنے دیں گے، آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، ان کو پتا ہے اگر سسٹم گرے گا تو کچھ نہیں بچے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ٹھیک چل رہی ہے اور پیپلز پارٹی سیاست بھی ٹھیک کررہی ہے، ہم اس بات کو سمجھتے ہیں کہ پیپلز پارٹی نے پچھلے دنوں جو اسٹینڈ لئے ہیں اس پر ان کے ووٹ بینک میں اضافہ ہوا ہے، سندھ میں پانی کے مسئلے پر کھڑے ہوئے، اگر کوئی یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں گرائیں گے ایسا نہیں ہوگا، پیپلز پارٹی

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سابق ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہی ہیں

حب: ٹرک اور ٹوڈی کار میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، دو زخمی ہوگئے

پولیس نے حادثے کی تحقیقات شروع کردی ہیں جبکہ زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جارہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) حب میں آواران ہوٹل کے قریب ٹرک اور ٹوڈی کار کے درمیان خوفناک حادثے میں دو افراد زخمی جبکہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا حادثے کے بعد زخمیوں اور جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو فوری طور پر سول اسپتال منتقل کیا گیا 25 سالہ سلمان ولد اسلام کے نام سے ہوئی ہے 21 سالہ اجمل ولد فرہاد اور عاصم ولد حمید کے طور پر کی گئی ہے پولیس نے حادثے کی تحقیقات شروع کردی ہیں جبکہ زخمیوں کو فوری طبی

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

سندھ پولیس چینی شہریوں کی حفاظت کیلئے انتظامات یقینی بنائے، محمد عبدالقادر

سندھ پولیس کی طرف سے سکیورٹی کے نام پر چینی سرمایہ کاروں سے رشوت وصول کرنے اور انہیں ہراساں کرنے سے ملک کا وقار بری طرح سے مجروح ہوا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

پولیس چینی شہریوں کی حفاظت کے لیے فول پروف انتظامات یقینی بنائے چینی سرمایہ کاروں کی پولیس کے خلاف سنگین شکایات کی مکمل چھان بین ضروری نیز کاروباری ماحول کو بہتر بنانا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے مشکل چیلنجوں کے باوجود معاشی زبوں حالی کو بحالی میں بدلنے میں بلاشبہ کامیابی حاصل کی ہے اربوں ڈالر کی بیرونی سرمایہ کاری بالخصوص چین کا بڑے پیمانے پر اقتصادی تعاون اس کی اعلیٰ مثال ہے حال ہی میں چینی سرمایہ کاروں کے ساتھ پنجاب میں

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

علمائے کرام اور طلبا کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، عبدالرحمٰن رفیق

اسلام کے حقیقی پیغام سے روشناس کروانے کے لیے ہم سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور جمعیت علما اسلام پاکستان کی مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان نے دارالافتاء ربانیہ جی او آر کالونی میں منعقدہ سالانہ تقریب برائے دستار بندی حفاظ اور مفتیان کرام سے خطاب کیا۔ تقریب میں علمائے کرام، حفاظ اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور مولانا مفتی محمد روزی خان نے کہا کہ معاشرے کی اصلاح، سکون، احترام، شرافت اور عزت کے قیام میں علمائے

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی ہدایت پر جام محمد فاؤنڈیشن کی طرف سے گرلز کالج بیلا میں بزم طارق بیلوی کا انعقاد کیا گیا

بیلہ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی ہدایت پر جام محمد فاؤنڈیشن کی طرف سے گرلز کالج بیلا میں بزم طارق بیلوی کا انعقاد کیا گیا جس میں تحصیل بیلا 15 اسکولز کے 480 بچوں میں اسکول یونیفارم اسکول بیگ نوٹ بک اور اسکالر

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی سال 2025 کی دوسری کاروائی

روڈ چیکنگ کوئٹہ سے کراچی جانے والی فیلڈر کار گاڑی سے خطرناک منشیات ہیروئن برآمد کرلیا، ایکسائز اینٹی نارکوٹکس فورس

مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی عوامی حلقوں کا منشیات کے خلاف مسلسل کاروائیوں پر محکمہ ایکسائز کے آفیسران کو خراج تحسین۔ پیش کیا ہے

بیلا (یو این اے) بلوچستان کی سال 2025 کی دوسری کاروائی منشیات ہیروئن برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج کرلیا، ایکسائز اینٹی نارکوٹکس فورس سیکرٹری ایکسائز اینٹی نارکوٹکس بلوچستان ظفر بخاری و ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینٹی نارکوٹکس ساوتھ زون بلوچستان محمد زمان خان کی ہدایت پر اتوار کے روز ای ٹی او سہیل احمد و انچارج اینٹی نارکوٹکس فورس لسبیلا فیصل اقبال

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

دریجی حب وندر گڈانی میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، صالح جنگ

کوئٹہ (یو این اے) پیپلز پارٹی ضلع حب کے ترجمان میر صالح جنگ نے کہا ہے کہ دریجی حب وندر گڈانی میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے جس کا سہرا محسن حب صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو میر علی حسن زہری کو جاتا ہے، انکے

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ایئرپورٹ کو 7 7 سال مکمل ہوگئے

کوئٹہ ایئرپورٹ صوبے اور ملک کے دیگر حصوں کے درمیان مسافروں اور سامان کی ترسیل کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ ایئرپورٹ کا قیام 1948 میں عمل میں آیا یہ ایئرپورٹ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں واقع ہے اور ملکی و بین الاقوامی سفر کے لیے ایک اہم سہولت فراہم کرتا ہے کوئٹہ ایئرپورٹ کا افتتاح پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان نے کیا رن وے کی لمبائی کوئٹہ ایئرپورٹ کا رن وے تقریباً 10,500 فٹ (3,200 میٹر) لمبا ہے، جو بڑے کمرشل طیاروں کی لینڈنگ اور ٹیک آف

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی معطلی خبریں جھوٹا ہے، حکومت بلوچستان

عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ سوشل میڈیا پر غیر تصدیق شدہ معلومات پر یقین نہ کریں اور ایسی افواہوں کو شیئر کرنے سے گریز کریں

ایسی غلط معلومات پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے کیونکہ جھوٹ پر مبنی مواد پھیلانا جرم کے مترادف ہے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی معطلی کے حوالے سے گردش کرنے والی خبروں کو جھوٹا قرار دیتے ہوئے تردیدی بیان جاری کیا ہے۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ اس حوالے سے کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کچھ عناصر سوشل میڈیا پر ڈی سی لسبیلہ کے حوالے سے جھوٹا پروپیگنڈا پھیلا کر عوام کو گمراہ کررہے ہیں۔

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کرکھیڑا کسٹم چیک پوسٹ پر قبضے میں لی جانیوالی کروڑوں روپے مالیت چرس انسپکٹر شہزاد معائنہ کررہے ہیں

جماعت نے ہمیشہ ملکی سلامتی، آئین کی بالادستی امن وامان کی بحالی کیلئے جدوجہد کی ہے، جمعیت علما اسلام

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی بیان میں کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ملکی سلامتی، آئین کی بالادستی امن وامان کی بحالی کیلئے جدوجہد کی ہے۔ صوبے کی موجودہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، نوجوان طبقہ بیروزگاری کی وجہ سے بے بسی کی کیفیت میں مبتلا ہے، صوبے بھر میں زراعت کی تباہ حالی، بارڈروں کی بندش، سرحدی اضلاع کے عوام کے ساتھ غیر سنجیدہ رویے نے حکومت پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے، جمعیت

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

وطن دوست موومنٹ کے سربراہ محمد عظیم کاکڑ کا وزیراعظم کے وعدے پر عملدرآمد نہ ہونے پر اظہار تشویش

مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے لیے یہ ایک ٹیسٹ کیس ہے، جو جمہوریت اور ترقی کی بات تو کرتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) وطن دوست موومنٹ کے سربراہ محمد عظیم کاکڑ نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے گزشتہ سال 23 اپریل کو بلوچستان ٹیکنیکل یونیورسٹی کے قیام کے اعلان پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے یونیورسٹی کے قیام کا وعدہ کیا تھا، مگر اس وعدے پر آج تک کوئی عملدرآمد نہیں ہوا۔ محمد عظیم کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کا تعلیمی

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

بلوچستان بار کونسل سمیت 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درجنوں رٹ آئینی درخواستوں کا سماعت کل 27 جنوری کو سپریم کورٹ میں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل سمیت 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درجنوں رٹ آئینی درخواستوں کا سماعت کل 27 جنوری کو سپریم کورٹ میں ہوگا واضح رہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کو ملک

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ریلوے سٹیشن کو 145 سال مکمل ہوگئے

کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کی بنیاد 1880 کی دہائی میں رکھی گئی تھی جب برطانوی راج کے دور میں پاکستان کے مختلف علاقوں میں ریلوے نیٹ ورک کی تعمیر کا آغاز ہوا

اس کے ذریعے نہ صرف سامان کی نقل و حرکت آسان ہوئی بلکہ لوگوں کی آمد و رفت میں بھی سہولت ہوئی کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کا کردار یہ اسٹیشن پاکستان ریلوے کے مرکزی نیٹ ورک کا حصہ ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کی بنیاد 1880 کی دہائی میں رکھی گئی تھی جب برطانوی راج کے دور میں پاکستان کے مختلف علاقوں میں ریلوے نیٹ ورک کی تعمیر کا آغاز ہوا۔ یہ اسٹیشن کوئٹہ شہر کا اہم ترین ریلوے اسٹیشن ہے اور بلوچستان کے مختلف حصوں کو پاکستان کے دیگر حصوں سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے انجینئر رسا ادارے یو این اے کی

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام پشتون قومی جرگے کی صدارت نواب ایاز جوگیزئی کررہے ہیں

حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو تمام ممکنہ سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اقدامات کررہی ہے، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان صوبہ میں انٹرنیٹ اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو تمام ممکنہ سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مہمان خصوصی صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے "انٹرنیٹ دوست اور انٹرنیٹ زبردست" کے صوبائی لانچنگ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر عمر خان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، رحیم کاکڑ

محروم ڈاکٹر عمر خان بلوچستان کی تاریخ میں ایک روشن باب کے طور پر درج رہیں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر دائیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، نعمت اللہ، ضیاالحق، ارشد اچکزئی، اور امین آغا نے ڈاکٹر عمر خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تمام رہنماؤں نے کہا کہ ڈاکٹر عمر خان نے بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خدمت کے لیے

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد رجسٹرڈ پریس کلب کے سالانہ الیکشن علی حسن بلوچ 14 ووٹ لیکر صدر منتخب ہوگئے

اوستہ محمد (آئی این پی) اوستہ محمد رجسٹرڈ پریس کلب کے سالانہ الیکشن علی حسن بلوچ 14 ووٹ لیکر صدر منتخب ہوگئے تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد رجسٹرڈ پریس کلب کے سالانہ الیکشن منعقد ہوا جس میں

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، رائٹ ٹو انفارمیشن (آر ٹی آئی) قوانین پر دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کے موقع پر عبدالشکور خان و دیگر شرکا کا گروپ فوٹو

عوام پاکستان پارٹی امید کی کرن بن چکی ہے، پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق

جلد کوئٹہ میں صوبائی آفس کا افتتاح ہوگا۔ شاہد خاقان عباسی، مفتاع اسماعیل، حافظ عثمان کوئٹہ آئینگے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما "پروفیسر ڈاکٹر عبدالعلیم صادق سالزئی" نے اعلان کیا ہے۔ کہ بہت جلد کوئٹہ میں پارٹی کے صوبائی آفس کا افتتاح ہوگا۔ اور پارٹی کے مرکزی کنوینر سابق وزیراعظم "شاہد خاقان عباسی، مفتاع اسماعیل، حافظ عثمان اور دیگر قائدین کوئٹہ آئینگے۔ انھوں نے کہا۔ کہ ہم "نظام بدلیں گے۔ عوام پاکستان" کے وژن کے تحت بلوچستان میں جدوجہد تیز کرینگے اور ممبر سازی مہم شروع کی جائیگی۔ پارٹی کا پروگرام گھر گھر پہنچائیں گے۔ انھوں نے کہا۔ کہ بلوچستان کے متعدد سیاسی، قبائلی شخصیات، اور سیاسی کارکنان کی بڑی تعداد نے پارٹی میں شمولیت کیلئے رابطہ کیا ہے ہم قائد شاہد خاقان عباسی، مفتاع اسماعیل، حافظ عثمان اور دیگر قائدین کی قیادت میں جدوجہد تیز کرینگے۔ اور جلد عوام پاکستان پارٹی عظیم تر عوامی قوت بن جائیگی۔ انھوں نے کہا۔ کہ عوام آزمائے ہوئے سیاسی شعبدہ بازوں سے تنگ آگئے ہیں۔ ہر جماعت نے بلند و بانگ دعوے کیے۔ مگر اقتدار پر براجمان ہوکر انھوں نے ملک وقوم کا بیڑہ غرق

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

گوادر: ڈپٹی کمشنر ہاؤس کی مسجد میں خود کو اڑانے کی دھمکی دینے والا شخص کون تھا

بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں ذہنی معذور شخص نے انتظامیہ کی دوڑیں لگوا دیں

گوادر (یو این اے) گوادر ڈپٹی کمشنر ہاؤس کی مسجد میں خود کو اڑانے کی دھمکی دینے والا شخص کون تھا؟ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں ذہنی معذور شخص نے انتظامیہ کی دوڑیں لگوا دیں۔ ڈپٹی کمشنر ہاس کی مسجد میں داخل ہوکر خود کو اڑانے کی دھمکی پر انتظامیہ نے پولیس، بم ڈسپوزل سکواڈ اور فوج طلب کرلی۔ قابو کرنے کی کوشش کے دوران ذہنی مریض نے اپنے ہی چچا کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ جمعے اور سنیچر کی درمیانی شب اس وقت پیش آیا جب ایک مشکوک شخص نے ڈپٹی کمشنر ہاس میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ سکیورٹی اہلکاروں نے ہوائی فائرنگ کی تو مشکوک شخص قریبی مسجد میں داخل ہوگیا۔ ایس ایس پی گوادر ضیا مندوخیل نے اردو نیوز کو بتایا کہ مسجد میں داخل ہونے کے بعد مشکوک شخص نے سپیکر پر اعلانات شروع کردیے اور دھمکیاں دینا شروع کردیں کہ کوئی اس کے قریب آیا تو وہ خود کو دھماکے سے اڑا دے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ابتدائی طور پر ہمیں لگا کہ کوئی دہشت گرد ہے۔ خطرے کے پیش نظر پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور مسجد کی طرف جانے والے راستوں کو سیل کردیا۔ اس دوران فوجی اہلکار بھی موقعے پر پہنچ گئے۔ ایس ایس پی کے مطابق اس دوران پتا چلا کہ رحمت اللہ بڑیچ نامی شخص آیا اور کہا کہ یہ مشکوک شخص اس کا بھتیجا سمیع اللہ بڑیچ ہے جو ذہنی مریض ہے اور اسے دماغی دورے پڑتے رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رحمت اللہ اپنے بھتیجے سمیع اللہ کو سمجھانے بجھانے کے لیے مسجد کے اندر داخل ہوا تو سمیع اللہ نے پہلے ڈنڈے کے وار کرکے چچا کو بے ہوش کردیا اور اس کے بعد چھریوں کے وار کرکے انہیں قتل کردیا۔ عینی شاہدین کے مطابق پولیس اور دیگر سکیورٹی فورسز کو ملزم کو قابو کرنے میں دو

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

مسافر بس میں ریموٹ کنٹرول دھماکہ ایک شخص جاں بحق

دھماکے کی نوعیت کا پتہ لگایا جارہا ہے، اور تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے، دھماکا خیز مواد ایک آلٹو کار میں نصب تھا جو بس کے قریب آتے ہی پھٹ گیا

بلوچستان کے ضلع خضدار میں راولپنڈی جانے والی مسافر بس کو ایم 8 شاہراہ پر دھماکے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے

خضدار (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خضدار میں راولپنڈی جانے والی مسافر بس کو ایم 8 شاہراہ پر دھماکے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے۔ یو یز ذرائع کے مطابق، دھماکا خیز مواد ایک آلٹو کار میں نصب تھا جو بس کے قریب آتے ہی پھٹ گیا۔ زخمیوں کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ایک زخمی کی حالت تشویشناک

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

حکومت امن قائم کرنے میں ناکام اغوا برائے تاوان قتل و غارت گری عروج پر ہے

ہماری دعوت اور نظریہ اسلام اور کی طرف ہے ہم اسلامی نظام کو تمام مسائل کا حل سمجھتے ہے، عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان اضلاع کا نمائندہ اور صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی امیر مولانا عبدالقادر

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

ہسپتال میں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بھرپور کوششیں کررہے ہیں، ایم ایس تربت

تربت (یو این اے) ٹیچنگ ہسپتال تربت کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے کہا ہے کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کو مثالی ادارہ بنائیں گے، ہسپتال میں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار صحت عامہ کی فراہمی اور اب تک کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کوئٹہ کے بعد سب سے زیادہ ماہر ڈاکٹرز تربت میں موجود ہیں، جو عوام کو معیاری علاج فراہم کررہے ہیں ان کے مطابق ہسپتال کی موجودہ مشکلات کا سبب وسائل کی کمی نہیں بلکہ انتظامی مسائل ہیں، جن پر قابو پانے کیلئے مختلف اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کی خواہش ہے کہ ہسپتال میں ایک مکمل ٹراما سینٹر

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود ولی محمد نورزئی مستحق اور معذور افراد میں ویل چیئر اور ٹرائی سائیکل تقسیم کررہے ہیں

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثنااللہ خان زہری کی طرف سے ایک اور وعدہ تکمیل کی طرف گامزن

سابق وزیراعلیٰ نواب ثنااللہ خان زہری نے ہر وقت اپنے عوام کو سہولیات دینے میں پیش پیش رہے ہیں

خضدار (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ نواب ثنااللہ خان زہری نے الیکشن مہم کے دوران دورہ زہری کے موقع پر گزان میں جلسہ عام سے زہری کے عوام سے خطاب کرتے ہوئے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا پاکستان پیپلز پارٹی زہری کے ترجمان نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ نواب ثنااللہ خان زہری نے اپنے الیکشن مہم کے دوران زہری میں نیٹ ورک کی سست رفتاری کو مدنظر رکھتے ہوئے علاقے میں مزید ٹاورز لگانے کا وعدہ کیا تھا وہ اب پورا کررہے ہیں جس میں گزان و کہن میں موبائل ٹاورز پر باقاعدہ کام کمپنی نے شروع کردیا ہے ایک دو روز میں علاقہ سنی کی کھدائی شروع ہوگی چند روز میں مزید ٹاورز لگانے کا عمل شروع ہوگا۔ ترجمان

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، عبدالشکور خان

کمیشن کا بنیادی مقصد عوام تک معلومات کی رسائی ہے، بلوچستان میں کمیشن عوام تک معلومات تک آسان رسائی کو یقینی بنائے گا

آر ٹی آئی ایکٹ کا مقصد عوام کو بااختیار بنانا اور انہیں بلوچستان کے سرکاری محکموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا اختیار دینا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان انفارمیشن کمیشن کے کمشنر عبدالشکور خان نے کہا ہے معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، کمیشن کا بنیادی مقصد عوام تک معلومات کی رسائی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آر ٹی آئی کے حوالے سے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق وفاقی انفارمیشن کمشنر اور سی پی ڈی آئی آر ٹی آئی مشیر زاہد عبداللہ نے بنیادی انسانی

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان کا سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈاکٹر عمر خان بابر کی وفات پر اظہار افسوس اور لواحقین سے اظہار یکجہتی

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور سوگوار خاندان کو صبر و ہمت عطا فرمائے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈاکٹر

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں رائٹ ٹو انفارمیشن قوانین، خاص طور پر بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 پر دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

اس تربیتی سیشن کا اختتام شراکت داری ایس او زکو آر ٹی آئی قوانین کی اہمیت اور ان کے مؤثر استعمال کے لیے کال ٹو ایکشن پر ہوا

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں رائٹ ٹو انفارمیشن (آر ٹی آئی) قوانین، خاص طور پر بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 پر دو روزہ

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر منیر احمد کاکڑ میونسپل کمیٹی کے وارڈ نمبر 25 میں ضمنی انتخابات کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب میں مینارٹی کارڈ کا اجرا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پاکستان کا پہلا ''چیف منسٹر مینارٹی کارڈ'' لانچ کردیا۔ اس سلسلے میں تقریب ایوان اقبال کمپلیکس، لاہور میں ہوئی جس میں ہندو، سکھ اور عیسائی سمیت دیگر مذاہب کے مرد و خواتین نے شرکت کی، وزیراعلیٰ نے ان میں اقلیتی کارڈ تقسیم کئے اور اے ٹی ایم مشین کے ذریعے ایک خاتون کے مینارٹی کارڈ کی ٹرانزیکشن کا مشاہدہ بھی کیا۔ اس پروگرام کے تحت پنجاب میں 50 ہزار خاندانوں کو سہ ماہی 10 ہزار 500 روپے یعنی تین ہزار 500 روپے ماہانہ ملیں گے۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ آئندہ چند سالوں میں نہ صرف اس رقم کو بڑھایا جائے گا بلکہ اس سے مستفید ہونے والے 50 ہزار گھرانوں کی تعداد بھی بڑھا کر 75 ہزار کر دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تہواروں پر مینارٹی گرانٹ بھی 10 ہزار سے بڑھا کر 15 ہزار کر دی گئی ہے، مینارٹی کارڈ کے تحت دی جانے والی رقم اگرچہ بہت زیادہ نہیں ہے لیکن اسے محمد نواز شریف اور پنجاب حکومت کی طرف سے ہدیہ اور تحفہ سمجھا جائے۔ اُن کا کہنا تھا کہ اُن کے والد میاں نواز شریف ہمیشہ اقلیت کا لفظ استعمال کرنے سے منع کرتے ہیں کیونکہ تعداد میں تو یہ کم ہیں مگر پاکستانیت اور انسانیت میں کسی سے کم نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتی برادری کی حفاظت اور زندگیوں میں بہتری لانا اُن کی ذمہ داری ہے، اقلیتوں کے لئے کوئی بھی خطرناک صورتحال ہو تو وہ معاملے کی خود نگرانی کرتی ہیں، وہ ان کی جان اور مال کو خطرے میں ڈالنے والوں کا راستہ پوری قوت سے روکیں گی۔ انہوں نے تمام مذاہب کو ایک مضبوط لڑی کی مانند قرار دیا اور کہا کہ سبز ہلالی پرچم بھی سفید رنگ کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ انہوں نے مریم آباد کے ایک چرچ کے دورے کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ وہ جب وہاں گئیں تو انہیں معلوم ہوا کہ وہ گزشتہ گرمی جھگ ایک صدی میں وہاں آنے والی پہلی وزیراعلیٰ تھیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ انہوں نے صوبے کے ہر کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو ''ہولی اور ایسٹر'' سمیت کسی بھی مذہب کے اہم تہوار پر اقلیتی عبادت گاہوں اور اُن کے محلوں کو سجانے کی ہدایت کر رکھی ہے، اقلیتی برادری کے محلوں اور مذہبی مقامات کو بہتر کر رہے ہیں، مسیحی برادری نے قبرستان کا مطالبہ کیا تھا، وہ چند ماہ میں تیار ہو جائے گا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ اقلیتی برادری کے لئے سالانہ ترقیاتی بجٹ میں انہوں نے 60 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ملک میں پہلی بار کابینہ میں کسی سکھ منسٹر کی تعیناتی پر انہیں پوری دنیا سے مبارکباد کے پیغام آئے۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے پنجابی میں خطاب کیا اور وزیراعلیٰ کا شکریہ بھی ادا کیا۔ دو سال قبل (2023ء) ہونے والی پاکستان کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق اقلیتوں کی آبادی میں چھ سالوں کے دوران 14 لاکھ 49 ہزار 472 افراد کا اضافہ ہوا، 2017ء میں اقلیتوں کی کل آبادی 73 لاکھ 21 ہزار 908 تھی جو 2023ء میں بڑھ کر 87 لاکھ 71 ہزار 380 ہوگئی، پاکستان میں 96.35 فیصد مسلم جبکہ 3.65 فیصد دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بستے ہیں۔ ویسے تو پاکستان میں اقلیتوں کی زیادہ آبادی سندھ میں ہے وہاں ہندو، شیڈول کاسٹ، پارسی اور سکھ رہتے ہیں تاہم عیسائیوں کی سب سے زیادہ آبادی پنجاب میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ 1947ء میں جب پاکستان بنا تھا تو اقلیتوں کی آبادی 23 فیصد تھی جو اب کم ہو کر تین سے چار فیصد رہ گئی ہے۔ ناقدین کہتے ہیں کہ پاکستان کی سیاسی، معاشی اور عدم تحفظ کی صورتحال کے باعث لوگ پاکستان سے باہر منتقل ہوتے گئے۔ پاکستان کا آئین اقلیتوں کو برابری کا حق دیتا ہے، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے کا اقلیتوں کے متعلق موقف بہت واضح تھا، انہوں نے 11 اگست 1947ء کو پاکستان کے پہلے ہندو وزیر قانون جوگیندر ناتھ منڈل کی صدارت میں ہونے والے پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کے اجلاس میں اقلیتوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا تھا ''آپ لوگ آزاد ہیں، آپ لوگ اس ملک میں اپنی عبادت گاہوں، مسجدوں، مندروں یا کسی عبادت گاہ میں جانے کے لئے آزاد ہیں۔ آپ کا مذہب کیا ہے؟ فرقہ کیا ہے؟ ذات کیا ہے؟ اس کا ریاست کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں۔ ہم اس بنیادی اصول سے آغاز کریں گے کہ ہم سب ریاست کے شہری ہیں اور ہر شہری کو برابر کے حقوق حاصل ہیں''۔ قائداعظم نے تو اقلیتوں سے مذہبی آزادی کا وعدہ کیا تھا، اسلامی تعلیمات اور 1973ء کے آئین میں بھی اقلیتوں کو بہترین انسانی حقوق حاصل ہیں، انہیں مذہبی اور اظہار رائے کی آزادی ہے، آئین کے آرٹیکل 20 سے 27 تک اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں، قومی اسمبلی، سینٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں ان کے لئے نشستیں مخصوص ہیں، ان کا امیدوار آزادانہ طور پر انتخابات میں حصہ لے سکتا ہے، سرکاری جامعات میں اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلبا کے لئے کوٹہ مخصوص ہے، یہی نہیں بلکہ سپریم جج اسے آرکاریلیس اور ہندو جج رانا بھگوان داس چیف جسٹس آف پاکستان بنے، اس کے علاوہ بھی بہت سے دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا پاکستان کی ترقی میں بڑا ہاتھ ہے۔ ان سب کے باوجود اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے کہ اقلیتوں کو یہاں معاشی مسائل کا سامنا تو ہے ہی لیکن ساتھ ساتھ وہ عدم تحفظ کا بھی شکار ہیں، ان کے خلاف مذہب کارڈ استعمال کیا جاتا ہے۔ چند روز قبل اسلام آباد ہائیکورٹ نے اس حوالے سے برہمی کا اظہار کیا کیونکہ حکومت کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ توہین مذہب کے جعلی مقدمات اور الزامات جیسے انتہائی سنگین معاملے پر ایک تحقیقاتی کمیشن بنائے لیکن وہ ابھی تک ایسا کرنے میں ناکام ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے گزشتہ سال ستمبر میں نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو توہین مذہب کے جعلی مقدمات میں پھنسا کر بلیک میل کرنے کے معاملے پر عدالتی کارروائی شروع کی تھی۔ المیہ یہ ہے کہ یہاں کسی پر بھی جھوٹا الزام لگا کر اسے سزا دے دی جاتی ہے اور زیادہ تر اس کا شکار اقلیت سے تعلق رکھنے والے لوگ ہوتے ہیں۔ اسی عدم گزشتہ سال قومی اسمبلی میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کا قانون پاس کرایا گیا، اب ایسے وقعات میں کمی تو آئی لیکن معاملات مکمل طور پر قابو میں نہیں ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات اس حوالے سے قابل تحسین ہیں، انہوں نے مینارٹی کارڈ پروگرام کا آغاز کیا، دیگر مذاہب کے اہم تہوار منانے کا اہتمام کیا جس سے دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو برابری اور اپنائیت کا احساس ہو رہا ہے۔ دوسرے صوبوں کو بھی اس کی تقلید کرتے ہوئے اقلیتوں کے مسائل سمجھنے اور انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے پر زور دینا چاہئے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اگر اقلیتوں کا تحفظ منظور ہے تو اس حوالے سے عوام کی سوچ بدلنا بھی ضروری ہے، قائداعظم ؒ کے فرمان کے مطابق برداشت اور رواداری کو فروغ دینا لازم ہے۔

آئین سب کو اپنے حصے کا دیا جاتا ہے، ملک عبدالمجید

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) مڈیم بلٹ جنوبی تراپ کے سٹیئرنگ رہنما و سابق صوبائی وزیر ملک عبدالمجید نے سابق نائب ناظم پونی کوٹلہ ملک محمد فاروق اعوان خوشحال گڑھ کی ڈاق کا دورہ کیا ملک عادل عرفان، چٹھہ جنوبی تراپ (رحمانیہ چوک لاڑیاں) اور محمد اشرف چکڑالہ گروپوں کے درمیان صلح کرانے پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک محمد فاروق اعوان خوشحال گڑھ ایک پرخلوص کارکن ہیں وہ اپنے علاقے میں تمام گندگی و غلاظت سے پاک پرامن ماحول دیکھنا چاہتے ہیں اسی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کیلئے انہوں نے دونوں گروپوں برادریوں اور دوست احباب سے صلح کیلئے مدد و تعاون مانگا، رکاوٹیں توڑنی رہیں لیکن علاقے میں پیار و محبت، اتحاد و اتفاق اور دوستانہ ماحول کیلئے اس صلح میں اہم کردار ادا کرنے والی عظیم شخصیت ملک محمد فاروق اعوان خوشحال گڑھ کی ذاتی دلچسپی وخلوص نیت سے کی جانے والی محنت

نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں 6 ماہ کے دوران 815 فیصد اضافہ

افراط زر کی شرح میں بھی نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں اضافے کے بنیادی اسباب میں شامل ہے

اسلام آباد (آئی این پی) نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں 6 ماہ کے دوران 815 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اے کے ڈی سیکیورٹی کی رپورٹ کے مطابق یکم جولائی 2024 تا 17 جنوری 2025 کے دوران نجی شعبہ کو بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی کا حجم 1.398 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا جبکہ گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے دوران بینکوں اور مالیاتی اداروں کی جانب سے نجی شعبہ کو 152.8 ارب روپے کے قرضے فراہم کئے گئے تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے بینکوں کو ایڈوانس ٹو ڈیپازٹ کی شرح میں اضافہ کی ہدایات کے بعد قرضوں کی فراہمی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ مزید برآں اقتصادی و تجارتی سرگرمیوں کا فروغ اور افراط زر کی شرح میں کمی بھی نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں اضافے کے بنیادی اسباب میں شامل ہے۔ نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں 6 ماہ کے دوران 815 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اے کے ڈی سیکیورٹی کی رپورٹ کے مطابق یکم جولائی 2024 تا 17 جنوری 2025 کے دوران نجی شعبہ کو بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی کا حجم 1.398 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا جبکہ گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے دوران بینکوں اور مالیاتی اداروں کی جانب سے نجی شعبہ کو 152.8 ارب روپے کے قرضے فراہم کئے گئے تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے بینکوں کو ایڈوانس ٹو ڈیپازٹ کی شرح میں اضافہ کی ہدایات کے بعد قرضوں کی فراہمی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ مزید برآں اقتصادی و تجارتی سرگرمیوں کا فروغ اور افراط زر کی شرح میں کمی بھی نجی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آب گاہوں کے تحفظ کا عالمی دن 2 فروری کو منایا جائے گا

آب گاہوں کو ماحولیاتی خطرات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ آب گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور پانی کی حفاظت کی جائے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آب گاہوں کے تحفظ کا عالمی دن 2 فروری کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں ماہرین آب گاہوں کی اہمیت پر روشنی ڈالیں گے۔ انسانوں کیلئے پینے کے پانی، ماہی گیروں کے ذریعہ معاش اور فطرت کا بہترین حسن آب گاہوں کے وجود سے ہے۔ پاکستان میں 250 سے زائد قدرتی و مصنوعی آب گاہیں موجود ہیں دریائے سندھ پاکستان کی سب سے بڑی قدرتی آبی گزرگاہ ہے جس سے پاکستان کے 18 اضلاع کی زمینیں سیراب ہوتی ہیں جبکہ ماہی گیری و سیر و سیاحت کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پانی کے وسائل تیزی سے ختم ہو رہے ہیں آب گاہوں کو شدید خطرات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ آب گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور پانی کی حفاظت کی جائے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں آب گاہوں کے تحفظ کا عالمی دن 2 فروری کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں ماہرین آب گاہوں کی اہمیت پر روشنی ڈالیں گے۔ انسانوں کیلئے پینے کے پانی، ماہی گیروں کے ذریعہ معاش اور فطرت کا بہترین حسن آب گاہوں کے وجود سے ہے۔ پاکستان میں 250 سے زائد قدرتی و مصنوعی آب گاہیں موجود ہیں دریائے سندھ پاکستان کی سب سے بڑی قدرتی آبی گزرگاہ ہے جس سے پاکستان کے 18 اضلاع کی زمینیں سیراب ہوتی ہیں جبکہ ماہی گیری و سیر و سیاحت کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پانی کے وسائل تیزی سے

سائنٹمار واقعہ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، شازیہ مری

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مینڈیٹ پارٹی پارلیمنٹیرین کی ترجمان شازیہ مری نے سائنٹمار میں دو گرجا گھروں کے درمیان فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قتل میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ترجمان مینڈیٹ پارٹی کا کہنا تھا کہ بیگناہ افراد کے قتل پر دکھ اور افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ، صوبائی وزیر داخلہ اور آئی جی سندھ سے رابطے کیا جائے، اعلیٰ حکام سے قتل کے واقع میں ملوث عناصر کی گرفتاری کی درخواست کی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ قتل میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، مجرمان قانون کی گرفت سے باہر نہیں جائیں گے۔ امن و امان برقرار رکھا جائے گا۔ انکا یہ بھی کہنا تھا کہ سائنٹمار واقعہ کے ذمہ داران جان بوجھ کر ہونے والوں کو انصاف دلایا جائے گا۔ بااثر افراد نے جب دھرنے سے کام لیا جس کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ، صوبائی وزیر داخلہ اور آئی جی سندھ سے رابطہ کیا جائے، اعلیٰ حکام سے قتل کے واقع میں ملوث عناصر کی گرفتاری کی درخواست کی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ قتل میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، مجرمان قانون کی گرفت سے باہر نہیں جائیں گے۔ امن و امان برقرار رکھا جائے گا۔ انکا یہ بھی کہنا تھا کہ سائنٹمار واقعہ کے ذمہ داران جان بوجھ کر ہونے والوں کو انصاف دلایا جائے

چیمپئنز ٹرافی کیلئے صائم ایوب کا مستقبل داؤ پر نہیں لگا سکتے، محسن نقوی

ایک دو روز میں صائم ایوب کا پاسپورٹ جائے گا، اس کے بعد ہی طلعت یاب ہو جائیں گے

بیسٹن (آئی این پی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایک چیمپئنز ٹرافی کیلئے صائم ایوب کا پاسپورٹ جائے گا، اس کے بعد ہی طلعت یاب ہو جائیں گے۔ بیسٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ میں روزانہ کی بنیاد پر صائم ایوب سے رابطہ کر رہا ہوں، میں خود صائم کی انجری کو مانیٹر کر رہا ہوں، ایک دو روز میں صائم ایوب کا پاسپورٹ جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاسپورٹ کے بغیر سرجری کے فیز میں داخل ہوگا، اس کے بعد وہ ریکوری کے فیز میں داخل ہوگا، اس کے بعد وہ ورزاتی بنیاد پر چیمپئنز ٹرافی کیلئے ایوب کا پاسپورٹ جائے گا، ایک دو روز میں صائم ایوب کا پاسپورٹ جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاسپورٹ کے بغیر صائم ایوب کا پاسپورٹ جائے گا، اس کے بعد ہی طلعت یاب ہو جائیں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان کے اوپنر صائم ایوب دائیں گھٹنے میں فریکچر کے سبب 6 ہفتے تک کرکٹ سے باہر ہو گئے ہیں جس کے باعث وہ ٹیسٹ میچ کھیلنے سے قاصر ہیں جبکہ انہیں چیمپئنز ٹرافی کیلئے ٹیم کا حصہ قرار دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ سکیشن کمیٹی نے اپنی فیصلہ سازی میں

اسلام آباد میں ملک کی سب سے بڑی میراتھن کا انعقاد

ایونٹ کو ایلیٹ اور اوپن کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا، سینچری کا اہتمام بھی کیا گیا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد میں ملک کی سب سے بڑی میراتھن رنس کا آغاز ہوا، اس رنس کا انعقاد مایہ ناز رنگ گروپ اسلام آباد رنرز ہوا، اس میں کے ٹو سمٹ طرفی برادری کی ایک قابل ذکر تعداد شامل ہے۔ اس میراتھن نے بین الاقوامی رنرز کو بھی اپنی طرف متوجہ کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس دلچسپ میراتھن میں یورپ اور امریکہ سے بھی شرکا شامل ہیں۔ میراتھن رنس میں 5، 10 کلومیٹر فل اور ہاف میراتھن کیٹیگری مقابلے ہوئے کے، چھوٹے بچوں میں سے منے ہیرو مقابلہ رکھا گیا ہے۔ اس میراتھن میں ملک بھر سے 3000 سے زائد شرکا نے شرکت کی ہے، اس کے ساتھ طرفی برادری کی ایک قابل ذکر تعداد شامل ہے۔ اس میراتھن نے بین الاقوامی رنرز کو بھی اپنی طرف متوجہ کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس دلچسپ میراتھن میں یورپ اور امریکہ سے بھی شرکا شامل ہیں۔ میراتھن رنس میں 5، 10 کلومیٹر فل اور ہاف میراتھن کیٹیگری مقابلے ہوئے کے، چھوٹے بچوں میں

2024 شدید موسم کی وجہ سے 250 ملین طلبہ اسکول نہ جا سکے

مشرقی ایشیا اور بحرالکاہل کے علاقے میں 50 ملین طلبہ کو اپنے تعلیمی سلسلے میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی ادارہ برائے اطفال (یونیسیف) کی طرف سے وجاری کردہ ایک رپورٹ میں انکشوں کی بنیاد پر مشرقی ایشیا اور بحرالکاہل کے علاقے میں 50 ملین طلبہ کو اپنے تعلیمی سلسلے میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ شدید موسمی واقعات کے اثرات پر روشنی ڈالی گئی ہے، جس میں کئی ممالک کے طلبہ کو تعلیمی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ یونیسیف کے ایک بیان کے مطابق، 2024 میں تقریباً 250 ملین طلبہ اپنے تعلیمی سلسلے میں رکاوٹوں کا سامنا کر رہے تھے، جو کہ پچھلے سال کے مقابلے میں 50 ملین زیادہ ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ان طلبہ کا اس سے باہر رہنا شدید موسم طلبہ

شہباز شریف اور وزراء کی پنجاب مرکز و نواز شریف کے شب روز خدمت سلک رتنی کی طرح گلاس ہو چکا ہے، مجید اختر

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم کوٹ ریفنڈ سٹیٹ لیگس آفس اسلام آباد مجید اختر شیخ نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ مثلی حزب مخالف کا کردار ہی انتہائی اہم ہے، ان کا کہنا تھا کہ اقتدار پر چودھری شجاعت حسین اور انکے بیٹوں کا مشکور ہوں، کوشش ہوگی چودھری شجاعت حسین کے سیاسی رواداری اور حب الوطنی کے مشن کو آگے بڑھائیں۔ عیسائیت کو بیشتر عبادت گھجا ہی جذبہ سے دونوں وزارتوں میں سیاسی اور دوسرے ویلفیئر کا کردار ادا کروں گا۔ پلیٹنر کے فوکل پرسن مقرر کر دیئے گئے۔ مسلم لیگ کے سربراہ چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر عظیم مصطفیٰ ملک کو وزارت اور ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ دونوں وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ پلیٹنر ایشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چودھری شجاعت حسین کی دونوں وزارتوں میں بطور رابطہ کار اور مشیر خدمات انجام دیں گے۔ وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کا کہنا تھا کہ مصطفیٰ ملک کی تقرری سے پارٹی ورکروں کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی اور تقرری وزارتی امور میں مدد دے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزارت پارٹی اور قوم کی امانت ہیں، ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے چودھری شجاعت حسین اور انکے بیٹوں کا مشکور ہوں، کوشش ہوگی چودھری شجاعت حسین کے سیاسی رواداری اور حب الوطنی کی صحت اور حفاظت کے لیے خوشہ قاہد اور طالب علموں کی تعلیم طویل المدتی بنیادوں پر مستاثر کیا جائے، مجبوری نظام میں ہمیشہ سب سے زیادہ اسکول متاثر ہوئے، ان ممالک میں افغانستان، بنگلہ دیش، موزمبیق، پاکستان اور سلطنت عمان شامل ہیں۔ اس تجزیاتی رپورٹ کے مطابق کوئی بھی خطہ انتہائی موسمیاتی واقعات کے اثرات سے محفوظ نہیں تھا لیکن متاثر طالب علموں میں سے 74 فیصد کم یا درمیانی آمدنی والے ممالک میں رہتے ہیں۔ خوفی ایٹمیا سب

پہلی ششماہی میں غیر ٹیکسٹائل برآمدات 13 فیصد بڑھ کر 7.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

خام چمڑے کی برآمدات میں 0.73 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا، تاہم چمڑے سے بنے ملبوسات میں کمی دیکھی گئی

شعبے میں صنعتی مشینری، آئل مصل کے آلات، آئو پارٹس اور بریز کے نائزری برآمدات میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران سینٹ کی کم 7 ارب 56 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے، جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں 6 ارب 70 کروڑ ڈالر تھیں، یہ برآمدات ویلیو ایڈ مصنوعات کے طلب میں اضافے کا اشارہ دیتی ہیں۔ ادارہ شماریات پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2025 کے 6ماہ کے دوران چمڑے، جوتے اور انجینئرنگ مصنوعات کی برآمدات میں سال قبل کے مقابلے میں اضافہ ہوا ہے۔ مالی سال 2024 میں 24.95 فیصد اضافے کے ساتھ 14 ارب 2 کروڑ ڈالر رہیں، جو اس سے پچھلے سال 11 ارب 22 کروڑ ڈالر تھیں، رواں مالی سال میں غیر ٹیکسٹائل اشیا کی برآمدات میں اضافہ جاری ہے۔ مالی سال 2025 کے 6ماہ میں انجینئرنگ مصنوعات کی برآمدات میں ایک سال قبل کے مقابلے میں 28.11 فیصد اضافہ دیکھا گیا، انجینئرنگ کے

سیاست دان قیدیوں کو ملک کی سربراہی سے میدوند کرنا پہندیدگی پنا پر بنایا گیا

لئے قیادت نہ ہونے والے چیئرمین ملک عزیز سعود اور پہندیدگی اور کمزوری انہوں کے قابل نہیں، ذرائع

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اسلام آباد مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سابق جنرل سیکرٹری سابق چیئرمین سینٹر و پلیئن کارکن پاکستان اسلام آباد سابق صاحبزادہ کے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے سب سے دوچار ہے، اس لئے سب اپنی انا کو پس پشت ڈال کر قومی مفاد میں سوچا ہوگا، مجبوری نظام میں مکالمہ کیا جاتا ہے، اگر ملک کو بحرانوں سے نکالنے ہے تو سیاسی استحکام کی طرف پیشرفت کرنا ہوگی اور اس کیلئے سیاستدان آپس کے دوسرے کو چیلنج دینے سیت نیس سیٹ کے کریں، اگر سیاستدان جمہوریت کی مضبوطی کیلئے کردار ادا نہیں کریں گے تو اس کا سب سے زیادہ ملک اور قوم کو نقصان ہوگا، بنفرانیائی حالات کے سامنے ہیں، پاکستان کے دشمن اندر کے نیٹ بچانے کیلئے کے کام میں بیٹھے ہوئے ہیں، اس لئے نہیں مضبوط اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی سیاست کا مقصد عوام کی بلاتفریق رنگ نسل اور خدمت خدمت کرنا ہے اور مسلم لیگ (ن) مجبوری اصولوں پر سیاست کرتی ہے، پارٹی کا موثر ترین پارلیمانی کردار ملک و قوم کی خدمت کا مظہر ہے، قائدین نے ہر دور میں ملکی سلامت و استحکام، جمہوریت کی بقاء، سلامت کی بالادستی اور قوم کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز بلند کی مسلم لیگ (ن) کی مفاہمتی سیاست دراصل جمہوریت کے استحکام کیلئے ہے لیکن پوسیاسی قوتیں مسلم لیگ (ن) کی مفاہمتی سیاست کا ناجائز فائدہ اٹھارہی ہیں، پارٹی قیادت بکھرائے والی نہیں، میاں نواز شریف کی قیادت میں ملک میں جمہوریت

کیٹوئل پریمیئر لیگ کے زیر اہتمام ملک بھر سے نئے کرکٹ ٹیلنٹ کی تلاش کیلئے ٹرائلز کا آغاز

جس کی ایل پی کی ٹیمیں دبئی بھر میں مقیم پاکستانیوں کو اپنے وطن کے ساتھ جوڑے رکھنے میں معاون ثابت ہوں گی

اسلام آباد (آئی این پی) کیٹوئل پریمیئر لیگ کے زیر اہتمام ملک بھر سے نئے کرکٹ ٹیلنٹ کی تلاش کیلئے ٹرائلز کا آغاز ہو گیا۔ پہلے مرحلے میں کی ایل پی کی تین ٹیموں، اسلام آباد رائلز، بی فٹنڈر اور کشمیر اسٹارز کے لئے رائل پارک کرکٹ گراؤنڈ، راولپنڈی میں ٹرائلز منعقد کئے گئے۔ اس موقع پر راولپنڈی، اسلام آباد، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا کے علاقوں سے والے ایک ہزار سے زائد کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ کیٹوئل پریمیئر لیگ کے ڈائرکٹر منصور، جمال صبیح اکبر، ڈیفرے کلاس کرکٹر زاہد منصور، جمال ہارون اور لیول کوچ رانا بھی نے کھلاڑیوں کی ٹرائل لیے۔ اس موقع پر کوآرڈینیٹر صنوبر علی نے

مرکزی سیکرٹری اطلاعات لی لیگ مصطفیٰ ملک وزارت میں دیگر امور کے فوکل پرسن مقرر

مصطفیٰ ملک وزارت اور وسیز پاکستانیز، ہیومن ریورس ڈویلپمنٹ کے بھی فوکل پرسن ہوگئے

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ق کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفیٰ ملک وزارت اور وسیز پاکستانیز، ہیومن ریورس ڈویلپمنٹ کے فوکل پرسن مقرر کر دیئے گئے۔ مسلم لیگ کے سربراہ چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر عظیم مصطفیٰ ملک کو وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ پلیٹنر ایشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر دونوں وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ پلیٹنر ایشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کی دونوں وزارتوں میں بطور رابطہ کار اور مشیر خدمات انجام دیں گے۔ وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کا کہنا تھا کہ مصطفیٰ ملک کی تقرری سے پارٹی ورکروں کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی اور تقرری وزارتی امور میں مدد دے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزارتیں پارٹی اور قوم کی امانت ہیں، ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے چودھری شجاعت حسین اور انکے بیٹوں کا مشکور ہوں، کوشش ہوگی چودھری شجاعت حسین کے سیاسی رواداری اور حب الوطنی کے مشن کو آگے بڑھائیں۔ بیعت سیاست کو بیشتر عبادت گھجا ہی جذبہ سے دونوں وزارتوں میں سیاسی اور دوسرے کردار ادا کروں گا۔ پلیٹنر کے فوکل پرسن مقرر کر دیئے گئے۔ مسلم لیگ کے سربراہ چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر عظیم مصطفیٰ ملک کو وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ پلیٹنر ایشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر دونوں وزارتوں کی جانب سے باقاعدہ پلیٹنر ایشن جاری کر دیئے گئے۔ مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کی دونوں وزارتوں میں بطور رابطہ کار اور مشیر خدمات انجام دیں گے۔ وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کا کہنا تھا کہ مصطفیٰ ملک کی تقرری سے پارٹی ورکروں کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی اور تقرری وزارتی امور میں مدد دے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزارتیں پارٹی اور قوم کی امانت ہیں، ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے چودھری شجاعت حسین اور انکے بیٹوں کا مشکور ہوں، کوشش ہوگی چودھری شجاعت حسین کے سیاسی

مغربی افریقہ میں پھنسے 4 ترکین وطن پاکستان پہنچ گئے، 22 کی واپسی آج سے شروع ہوگی

وزارت مہاجرین کے زیر اہتمام ملک بھر سے 11 پاکستانی شہریوں کی واپسی بھی بھیجنے ہوگئے

اسلام آباد (آئی این پی) بیوپ جانے کے خواہشمند پاکستانی تارکین وطن کی ماہ تک مغربی افریقی ممالک میں پھنسے رہنے کے بعد وطن واپس پہنچنا شروع ہو گئے۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ موریطانیہ میں پھنسے 4 پاکستانی انیرا پورٹ سے روانہ ہوئے اور ملک کے دارالحکومت میں مراکش کے قریب سخت حادثے میں زندہ بچ جانے والے 22 پاکستانیوں کی وطن واپسی آج سے شروع ہوگی۔ خیال رہے کہ رواں ماہ کے اوائل میں افریقی انسانی اسمگلروں نے برجواز قانون میں

وزارت مہاجرین کے 11 پاکستانی شہریوں کی واپسی بھی بھیجنے ہوگئے

اسلام آباد (آئی این پی) بیوپ جانے کے خواہشمند پاکستانی تارکین وطن کی ماہ تک مغربی افریقی ممالک میں پھنسے رہنے کے بعد وطن واپس پہنچنا شروع ہو گئے۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ موریطانیہ میں پھنسے 4 پاکستانی انیرا پورٹ سے روانہ ہوئے اور ملک کے دارالحکومت میں مراکش کے قریب سخت حادثے میں زندہ بچ جانے والے 22 پاکستانیوں کی وطن واپسی آج سے شروع ہوگی۔ خیال رہے کہ رواں ماہ کے اوائل میں افریقی انسانی اسمگلروں نے برجواز قانون میں

ملک و قوم کی تعمیر و ترقی و خو

بقیہ 1

حکومت گرانے کی طرف نہیں جانے دیں گے۔ کیا آصف زرداری بڑے معاملہ فہم ہیں، وہ عصر حاضر کے قائد اعظم کو کوپرنی سے کمپلیٹ کر رہے ہیں، ان پر جیز کا مطلوم ہے، بلاول کیلئے اور چیئرمین پی ٹی ایم کو ایک ایسی بھی کرسی نہیں کرنے دیں گے۔ لیکن اس میں مصیبت یہ ہے، میرا خیال ہے کہ بلاول بھٹو آصف زرداری کا بیٹا ہے نظیر بھٹو کا بیٹا ہے، اس لئے ان کو کوئی نہ کوئی تو پیش کرنا ہی ہے۔ یہ میں اس لئے کہتا ہوں کہ آصف زرداری سمجھ کو کرنے نہیں دیں گے، کیونکہ وہ اسی طرح سے کرسی کے لالچ کو پکڑیں ہے گا۔ اسی طرح مولانا فضل الرحمان کو ساتھ رکھتی ہے، کھجھڑ سیاست دان ہیں، وہ بھی اس لائن کو اپنی کرسی کریں گے۔ انہوں نے کہا موجودہ صورتحال میں شہباز شریف نے جس طرح صبح کی اور سب کو بوتز رکھا، ملک کو مایوسی بحران سے نکالا، اچھی بھی ہم مطمئن نہیں ہوئے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی واحد بڑی کامیابی مضبوط ہوتا تو زراعت مضبوط ہوگی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعظم نے کسانوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے احکامات جاری کئے، وزیراعظم کے لیے انقلابی اقدامات کے خواہاں ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کو سبوسیڈ فراہم کی جارہی ہیں۔

بقیہ 2

اکر رہی ہے۔ راناثنوبر نے کہا کہ کسانوں کو کھوئی مقررہ نرخوں پر کھادی فراہمی ہارا وف ہے، یہ کسان اور کاشتکار سمجھوتہ ہوتا تو زراعت مضبوط ہوگی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعظم نے کسانوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے احکامات جاری کئے، وزیراعظم کے لیے انقلابی اقدامات کے خواہاں ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر کسانوں کو سبوسیڈ فراہم کی جارہی ہیں۔

بقیہ 3

عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی سمیت دیگر رہنما اپنے خطاب کریں گے۔

بقیہ 4

بتایا کہ علاقے کے 22 زمینداروں نے اپنی زمینیں پوسٹ کاشت کیلئے دی ہوئی تھیں، یونیونروں نے موقع سے دس افلاق باشندوں کو گرفتار کر کے 60 سرٹیفکیٹ 10 نوٹر اور 10 سریسل مشین برآمد کرلیے ہیں۔

بقیہ 5

ڈوب کے صدر سید افضل شاہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشن ڈوب کے چیئرمین خادم انسانیت خادم بادشاہ کا زنہایت ہی مخلص اور انسانیت دوست شخصیت کے مالک ہیں۔ شاہ بادشاہ کا نزنے جب سے بطور چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈوب کا چارج سنبھالا ہے۔ انھوں نے دن رات ایک کر کے بلا رنگ ٹسٹل عوام کی خدمت جاری رکھی ہوئی ہے۔

بقیہ 6

کہ مذہب وشناسیت میں سابق گورنر بلوچستان نواب ذوالفقار علی مگسی اور اراضل خان مندوخیل کی طرح ہے۔ بعدازاں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل، سابق گورنر بلوچستان نواب ذوالفقار علی مگسی اور اراضل خان مندوخیل کو روایتی سنمی ٹوپیاں اور اجرک پہنائے گئے۔ مدعکہ قلاتی ورثے کی قابل قدر علامت ہیں۔

بقیہ 7

سمیت ایک آفیسر ان موجود تھے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریٹر قلمرو وبابی کمشنر لصیر احمد خان کاکڑ نے جلاوت دیتے ہوئے کہا کہ پولنگ کا عمل مقررہ وقت تک جاری رہے گا تمام وفاقی اور صوبائی فورسز کی ادائیگی کے لیے جمعیت علماء فراہم کی جائیں گورنر بلوچستان کا سٹاف کے عمل کی صورت نہیں رکھا جا سکتا ہے سکورڈ اشمران پولارام کے لیے دیوبیں اور ہم کسی کم ہیں فرمنہ مجموعہ ہر گز نہیں ہوتا جا رہا ہے کہ ہم الیکشن کا عمل کیا ہوتا ہارا ہے دسمبر سے جس پر کسی کم کا کیوم دیا جا رہا ہے کہ ہماری بھرپور کوشش رہے گی کہ الیکشن کمیشن کے تمام تر انتخابی پولنگ عمل طور پر پارسادی پولنگ بنایا جائے گا تمام کاسٹ اور اشفاف انداز سے پولنگ کا عمل مکمل کیا جائے انہوں نے جلاوت دی کہ ہمیں بلوچ دوب کا ٹینک کا کھل عمل ہو تو تمام کا عمل شروع کیا جائے۔

بقیہ 8

کھوسٹ گھرانی میں ایکسا انٹلی جنس بریگیڈ فورس لسیٹا کی ٹیم انسپکٹر اقبال شاہین، سردار ذوالفقار، محمد جاوید، فرید اقبال کھوسہ، بادون ساندہ، محمد آصف، اصغر مشیخ، عابدی حسین و دیگر ارکان کی ٹیم نے شاہراہ پر دوران وار چیکنگ کے دوران ایک ٹرالر کا ڈرائیور کی ہوئی عوامی حلقوں کا ہیں علاقے کے خلاف مسلسل کارروائیوں پر محکمہ ایکسائز کے آفیسران کو خراج تحسین۔ چلیں کیا ہے۔

بقیہ 9

سیارہ کماری کے حدود معاہدہ ہے ہوئے میں ایک حالات میں سندھ کے دارالحکومت میں ایک اکسوسائٹ صوبوں کا ساتھ آج اعلر فکریہ ہے کراچی میں تیسرے کی تیفی سیارہ کماری کا ہدھ ڈیکورٹ میں دارکی کی ایک درخواست میں شکایت کی ہے کہ سندھ وصول کرنی ہے اور انہیں پراسان کیا گیا ہے۔

بقیہ 10

شیخ کیسی کی تیسری تقریب کے مہمان خاص پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت میر زرین خوانگ حاضر ہوئے اور انہوں نے خاص طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر

کراچی میراتھن میں سفارت کاروں کی شرکت عالمی ہم آہنگی اور دوستی کا پیغام دے گئی، گورنر سندھ

گورنر سندھ اسٹیل بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ان سے گفتگو کرتے رہے، اور اسٹیل بچوں سے اظہار محبت ان کی ویل چیئر بھی چلاتے رہے

کراچی میراتھن میں غیر ملکی افراد کی موجودگی نے کراچی میراتھن کو اور جاندار بنا دیا ہے، گورنر سندھ نے کراچی میراتھن میں شریک سفارت کاروں کی شرکت، عالمی ہم آہنگی اور دوستی کا پیغام دیا، گورنر سندھ نے مزید کہا کہ کراچی میراتھن میں

(بقیہ 36 ون کی صفحہ 3)

کراچی (آئی این پی) کراچی میراتھن 2025ء میں مختلف ممالک کے سفارتکاروں نے بھی شرکت کی، جن میں قطر، ترکیہ، ایران، عمان، ملائیشیا کے قونصل جنرلز سے دیگر بھی شریک تھے، اس موقع پر گورنر سندھ کامران خان تسموری نے کہا کہ کراچی میراتھن میں سفارت کاروں کی موجودگی نے کراچی میراتھن کو اور جاندار بنا دیا ہے، ایک انتہ پوری میں ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات سے باہر نکلنے کا فیصلہ ہم نے باہمل

کراچی، نوجوان قائدی رہنما میر زید رند و دیگر میر اعجاز خان شخرانی کی عیادت کر رہے ہیں

مستونگ: آل پارٹیز مستونگ کے اجلاس میں اہم فیصلے

اجلاس میں کیسکو کی جانب سے سٹی اور پورے ضلع میں بجلی کی مصنوعی بحران پیدا کرنے کی مذمت کی گئی

مستونگ (یو این اے) آل پارٹیز مستونگ میں شامل جماعتوں کے قیادت کا اجلاس 26 جنوری کو زیر صدارت ضلعی صدر بلوچستان نیشنل پارٹی مستونگ حاجی محمد انور میینگل ڈسٹرکٹ کونسل آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری جواد حمدوار، پی پی پی کے ضلعی جنرل سیکرٹری میر لوگ خان سانگزئی، جماعت اسلامی کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالکریم میینگل، اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں مسلم لیگ ن، جمعیت علماء اسلام نورانی، اور پی این پی کے عوامی کی قیادت شامل تھے۔ اجلاس میں مختلف عوامی مسائل پر تفصیل سے بات چیت کی گئی، جن میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال مستونگ کی آئی سی یو، ایمرجنسی اور او ٹی مشینری کو فوب خوب بخش اسپتال منتقل کرنے سے متعلق پر گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ اس مصنوعی کو ناکام بنایا جائے گا اور مستونگ کے عوام کو بہتر سہولتوں کی فراہمی کے لیے اسپتال کو مزید فعال بنایا جائے۔ اجلاس میں مستونگ کے عوامی

(بقیہ 35 ون کی صفحہ 3)

ضیغم آباد، ڈپٹی کمشنر احمد میمنیل کیلی کے دارالحکومت 25 مختلف انتظامیہ کے موقع پر انتظامی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

کاشف حیدری کی رحیم آنا کے والد کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے رکن سینٹرل کمیٹی کاشف حیدری کے گزشتہ روز انتقال تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آنا سے انکے گھر جا کر انکی والدہ کی وفات پر افسوس اور فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر پی این پی کے ضلعی رہنما مبارک علی ہزارہ سیمت دیگر تاجر، سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھے، انہوں نے دعا کی کہ اللہ

(بقیہ 37 ون کی صفحہ 3)

کاشف حیدری نے صحافی عصمت اللہ کاکڑ کے ساتھ فوٹو گرافر عدنان احمد کی والدہ کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے رکن سینٹرل کمیٹی کاشف حیدری نے گزشتہ روز انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آنا سے انکے گھر جا کر انکی والدہ کی وفات پر افسوس اور فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر پی این پی کے ضلعی رہنما مبارک علی ہزارہ سیمت دیگر تاجر، سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھے، انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، دریں اثنا کاشف حیدری نے صحافی عصمت اللہ کاکڑ کے ساتھ فوٹو گرافر عدنان احمد کی والدہ کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔